# 13-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے سنگارینی بھروسہ یاترا کا آغاز کیا اور تڈی چرلہ II کوئلہ بلاک کی تاریخی منظوری پر وزیراعظم نریندر مودی کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے کابینہ کے وزراء کے ہمراہ دیوادولا منصوبہ کا معائنہ کیا اور دریائے گوداوری میں پانی کی سطح کا جائزہ لیا۔

۳۔ وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے محکمہ آیوش کا جائزہ لیتے ہوئے معیاری یونانی طبی خدمات کے جامع فروغ کی ہدایت دی۔

۴۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے سنگارینی انتظامیہ کے احتجاج کرنے والے افسران کے مطالبات جلد حل کرنے کی ہدایت دی۔

اور

۵۔ٹی جی ٹی ای ٹی کے نتائج جاری، ایک لاکھ 15 ہزار امیدواروں میں سے 50 ہزار سے زائد کامیاب قرار پائے۔

TG TET:

تلنگانہ حکومت نے تلنگانہ ٹیٹ امتحان کے نتائج جاری کردئے ہیں۔سرکاری ویب سائٹ پر نتائج کی تفصیلات موجود ہیں۔اس بارٹیٹ امتحان میں جملہ 1 لاکھ 15 ہزار 28 امیدواروں نے حصہ لیا۔جسمیں 23 ہزار 623 سرکاری ٹیچرس بھی شامل ہیں۔ٹیٹ امتحان میں جملہ 50

ہزار 544 امیدوار کامیاب ہوے ہیں۔ ایس ٹی کا 51 فیصد۔بی سی 40 فیصد۔ای ڈبلیو ایس کا 22 فیصد اور جنرل کیٹیگری سے 20 فیصد سے زائد امیدوار کامیاب ہوے ہیں۔اس بار بھی لڑکیوں نے ہی بازی ماری ہے۔اسی طرح پیپر ٹو میں جملہ 12 ہزار 495 خاتون امید وار کامیاب ہوئے ہیں۔جبکہ 5 ہزار 488 مرد امیدوار کامیاب ہوے ہیں۔

BK

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی نے سنگارینی بھروسہ یاترا کا آج سے آغاز کیا ہے۔اس سلسلہ میں ضلع کھمم کے کتہ گوڑیم میں ایک عوامی تقریب منعقد کی گئی۔جہاں سے سنگارینی بھروسہ یاترا کا آغاز ہوا۔جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوے تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر رامچند رراو نے سابق بی آر ایس اور موجودہ کانگریس حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔انھوں نے کہا کہ ان دونوں سیاسی جماعتوں نے اپنے سیاسی فائدے کیلئے سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ کا بیجا استعمال کیا ہے۔رامچند رراو نے وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکز وزیر کانکنی جی کشن ریڈی کا شکریہ ادا کیا۔جنہوں نے بغیر ٹنڈر کے تاڈی چرلہ ٹو کول بلاک کو سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ کے حوالے کیا ہے۔جس کی وجہ سے ہزاروں ملازمین کا مستقبل روشن ہوا ہے۔واضح رہے کہ تاڑی چرلہ ٹو کوئلہ کی کان سے سالانہ 6 ملین ٹن کوئلہ کی پیداوار ہوسکتی ہے۔اور 12 سو سے زائد لوگوں کو روزگار فراہم ہوگا۔

Desk/PTC/B.KGM

Meals

دیورکدرا کے رکن اسمبلی مدھوسدھن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔تعلیم کو ہر گھر تک پہنچانے کیلئے حکومت نے تمام سرکاری اسکولوں میں مڈڈے میل کے ساتھ ساتھ بریک فاسٹ کی اسکیم کو بھی شروع کیا ہے۔جس کی وجہ سے سرکاری اسکولوں میں داخلوں کا فیصد بڑھ گیا ہے۔رکن اسمبلی مدھوسدھن ریڈی نے آج کتہ کوٹہ   گرلز ہائی اسکول کا  دورہ کیا۔اس موقع پر ونپرتی کے کلکٹر   آدرش سربھی ایس پی سنیتا ریڈی ودیگر بھی موجود تھے۔رکن اسمبلی نے کہا ہ 15 جولائی کو وزیراعلی ریونت ریڈی علاقہ کا دورہ کرتے ہوے گرلز ہائی اسکول کی نئی عمارت کا افتتاح کریں گے۔اور ساتھ ہی ساتھ طلبا کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔وزیراعلی کے دورہ کے پیش نظر تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔

PTC/WPY

SC-SIT:

سپریم کورٹ نے اتر پردیش حکومت کی جانب سے تشکیل دی گئی خصوصی تحقیقاتی ٹیم کو رام جنم بھومی مندر میں عطیات کے مبینہ غلط استعمال سے متعلق اسٹیٹس رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔عدالت عظمیٰ نے اس معاملہ میں سی بی آئی تحقیقات کا مطالبہ کرنے والی درخواستوں پر مرکزی حکومت، اتر پردیش حکومت اور شری رام جنم بھومی تیرتھ شیتر ٹرسٹ کو بھی نوٹس جاری کئے ہیں۔

NSD

SC-CITIZENSHIP

سپریم کورٹ نے آج کہا کہ کسی شخص کی شہریت کا تعین کرنے یا اسے غیر ملکی قرار دینے کا عمل منصفانہ ہونا چاہئے۔ عدالت آسام میں فارنرس ٹربیونلس کی جانب سے 27 افراد کو غیر ملکی قرار دیے جانے کے خلاف دائر درخواستوں کی سماعت کر رہی تھی۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل بنچ نے ان 27 مقدمات میں گوہاٹی ہائی کورٹ اور فارنرس ٹربیونلس کے فیصلوں کو کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے اپنے فیصلہ میں کہا کہ شہریت کے تعین یا کسی فرد کو غیر ملکی قرار دینے کا عمل انصاف کے بنیادی اصولوں کے مطابق ہونا چاہئے اور اس میں عدالتی تقاضوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔

NSD

KISHAN

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ کے ہمراہ ریاستی پارٹی ہیڈ کوارٹر سے دو روزہ 'سنگارینی بھروسہ یاترا' کا آغاز کیا۔ یہ یاترا کل تک جاری رہے گی، جس کا مقصد سنگارینی کے 50 ہزار سے زائد مستقل ملازمین اور 30 ہزار سے زیادہ کنٹریکٹ اور آؤٹ سورسنگ ملازمین کو ان کے مستقبل کے تحفظ کے بارے میں اعتماد دلانا ہے۔ کوتہ گوڑم کلب میں کارکنوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جی کشن ریڈی نے سنگارینی کولیریز کمپنی لمیٹڈ کو، تڈی چرلہ II کوئلہ بلاک کی تاریخی منظوری کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 2014 کے فیصلہ کے بعد جس میں بدعنوانی روکنے

کے لئے تمام کوئلہ بلاکس کی مسابقتی بولی کے ذریعہ الاٹمنٹ لازمی قرار دی گئی تھی۔ تڈی چرلہ II ملک کا واحد کوئلہ بلاک ہے جو بغیر نیلامی کے براہِ راست کسی سرکاری شعبہ کی کمپنی کو دیا گیا ہے۔ انہوں نے اس فیصلہ کا سہرا وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے تلنگانہ اور سنگارینی کے مستقبل کے لئے خصوصی توجہ کو دیا۔

Desk/ PTC/B.KGM

BLOOD DONATION

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر کسانوں سے مبینہ بے توجہی کا الزام عائد کرتے ہوئے بی آر ایس کے طلبہ اور یوتھ ونگ نے تلنگانہ بھون میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا۔ خون عطیہ کرنے کے بعد بی آر ایس رہنماؤں اور طلبہ نے خون کے پیکٹ لے کر وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ کی جانب مارچ کرنے کی کوشش کی۔ پولیس نے انہیں روک دیا جس کے نتیجہ میں کشیدگی اور دھکم پیل کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ بعد ازاں پولیس نے احتجاج کرنے والے بی آر ایس کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔

Desk

POLAVARAM

پولاورم منصوبہ، دریائے گوداوری کے پانی کے استعمال اور بنا کا چرلہ کراس ریگولیٹر سے متعلق بین الریاستی آبی تنازعات کے معاملہ میں آندھراپردیش کے خلاف دائر تلنگانہ حکومت کی درخواست پر سپریم کورٹ میں سماعت کے دوران ریاست کو دھچکا لگا۔ تلنگانہ کے وکیل نے عدالت سے فوری حکمِ امتناعی جاری کرنے اور 15 فریقین کو نوٹس بھیجنے کی درخواست کی،

تاہم جسٹس وکرم ناتھ کی سربراہی میں قائم بنچ نے اس سے انکار کر دیا۔ عدالت نے کہا کہ درخواست میں سنگین تکنیکی خامیاں موجود ہیں اور جب تک ان تمام خامیوں کو دور نہیں کیا جاتا، نہ تو سماعت ہوسکتی ہے، نہ ہی نوٹس جاری کئے جاسکتے ہیں اور نہ ہی حکمِ امتناعی دیا جاسکتا ہے۔ بعدازاں عدالت نے سماعت ملتوی کر دی۔

Desk

VIVEK

ریاستی وزیر وویک وینکٹا سوامی نے سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ پر عوامی مسائل پر خاموش رہنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ فارم ہاؤس سے باہر آنے کے باوجود انہوں نے عوامی مسائل پر کوئی موثر موقف اختیار نہیں کیا اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی بات چیت کی پیشکش کو بھی نظر انداز کیا۔ بی آر ایس کی جانب سے دریائے کرشنا کا پانی پمپ کرنے کے مطالبہ پر تنقید کرتے ہوئے وزیر نے ماہرین کی ان تجاویز کا حوالہ دیا جن میں اس اقدام سے گریز کا مشورہ دیا گیا ہے اور سابقہ دور حکومت میں تعمیر کئے گئے بیاریجوں پر بھی سوال اٹھائے۔ انہوں نے کلوا کنٹلا خاندان پر بدعنوانی اور تشہیر حاصل کرنے کے الزامات عائد کئے اور کہا کہ ایل نینو کے اثرات کے باعث بارش میں کمی آئی ہے۔ وزیر نے مکمل شدہ ڈبل بیڈروم مکانات کی جلد تقسیم کا وعدہ بھی کیا اور اعلان کیا کہ جرمنی کی کمپنی ٹام ٹام میں مقامی آئی ٹی آئی کے ایک سو طلبہ کو ملازمت کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔

PTC/RS

VEMULAWADA

تلنگانہ، آندھراپردیش اور دیگر ریاستوں سے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے راجنا سرسلہ ضلع میں واقع شری بھیمیشور سوامی مندر، جو ویملواڑہ کے شری راجاراجیشور سوامی مندر سے منسلک ہے، کا رخ کیا اور خصوصی درشن کیلئے عقیدت مندوں نے 6 گھنٹے تک طویل قطاروں میں انتظار کیا۔ انہوں نے روایتی مذہبی رسومات ادا کیں، جس کے پیش نظر مندر انتظامیہ نے اضافی انتظامات کیئے۔

PTC/RS

INSTITUTIONS

مہاتما جیوتی با پھولے گروکل تعلیمی اداروں کے سکریٹری بی سائی دولو نے کہا ہے کہ تعلیمی سال 2026-27 کے داخلہ مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر دئے جارہے ہیں۔ نشستوں کی تقسیم کے دو مراحل مکمل ہو چکے ہیں جبکہ پانچویں سے آٹھویں جماعت تک کی خالی نشستیں آن لائن درخواستوں کے ذریعہ میرٹ کی بنیاد پر پُر کی جائیں گی۔ انٹرمیڈیٹ کی باقی نشستوں پر اسپاٹ داخلوں کے ذریعہ امیدواروں کا انتخاب کیا جائے گا۔ انہوں نے والدین اور طلبہ سے اپیل کی کہ داخلے کے لئے دفاتر یا اسکولوں کے چکر نہ لگائیں کیونکہ کسی بھی قسم کی درخواست بالمشافہ قبول نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کوئی شخص داخلہ دلانے کا جھانسہ دے تو اس کی اطلاع فون نمبر 040-23120496 پر دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

Desk

BHATTI

نائب وزیرِ اعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے وزراء اُتم کمار ریڈی اور پونگولیٹی سرینواس ریڈی کے ہمراہ دیوادولا آبپاشی منصوبے کا دورہ کیا اور وہاں پانی کی سطح کا جائزہ لیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت میڈی گڈا، انارم اور سندیلا بیراجوں کے معاملے میں مرکزی آبی کمیشن اور نیشنل ڈیم سیفٹی اتھارٹی کی ہدایات پر عمل کر رہی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ موجودہ صورتحال میں ان بیراجوں میں پانی ذخیرہ کرنا خطرناک ہوگا، اس لیے مرمت کا کام مکمل ہونے تک گیٹ بند نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی آر ایس حکومت کے ناقص ڈیزائن کی وجہ سے کالیشورم منصوبہ متاثر ہوا۔ نائب وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ بارہ اضلاع اور سترہ اسمبلی حلقوں کو آبپاشی کا پانی فراہم کرنے کے لیے حکومت نے دیوادولا منصوبے کی تکمیل اور بائیس ذخائرِ آب کو بھرنے کے لیے فوری طور پر دو ہزار ایک سو چھیالیس کروڑ روپے جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

Desk/PTC/MLG

DAMODAR

وزیرِ صحت دامودر راج نرسمہا نے محکمہ آیوش کے کام کاج کا جائزہ لیا اور حکام کو ہدایت دی کہ معیاری یونانی طبی خدمات کو مزید وسعت دی جائے۔ انہوں نے گورنمنٹ نظامیہ طبی کالج اور اسپتال کو ایک ممتاز ادارہ قرار دیتے ہوئے تلنگانہ میڈیکل سروس انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیف انجینئر کو ہدایت دی کہ زیرِ تعمیر او پی بلاک اور فارمیسی عمارت کا کام

آئندہ جنوری تک مکمل کیا جائے۔ صحت کی خدمات اور تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لئے انہوں نے پرنسپل سکریٹری کو خالی آسامیوں کو پُر کرنے کی تجاویز پیش کرنے کی ہدایت دی اور مولا علی ڈسپنسری میں خدمات کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

Desk

HUNGER STRIKES

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے سنگارینی انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ گزشتہ پندرہ روز سے علامتی بھوک ہڑتال پر بیٹھے دو ہزار دو سو افسران کے مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ انہوں نے افسران کے ساتھ اجلاس میں تنخواہوں پر نظرِ ثانی اور کول انڈیا کے معیار کے مطابق کارکردگی سے منسلک ادائیگیوں کے مطالبات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت دی کہ افسران کی تنظیم کو اعتماد میں لیتے ہوئے تین ماہ کے اندر حتمی فیصلہ کیا جائے۔ انہوں نے سنگارینی کی ترقی پر زور دیتے ہوئے افسران سے کہا کہ وہ ادارہ کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے اور اسے بین الاقوامی سطح تک وسعت دینے میں فعال کردار ادا کریں۔

DESK

NCSC

قومی کمیشن برائے این سی ایس سی کے چیرمین کشور مکوانہ نے رکن وڈے پلی رام چندر اور سکریٹری جی سرینواس کے ہمراہ سی جی او ٹاورس میں حیدرآباد کے تزئین و آرائش شدہ ریاستی دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر کشور مکوانہ نے کہا کہ کمیشن نے گزشتہ دو برسوں کے دوران

ملک بھر میں 60 ہزار سے زائد شکایات کا ازالہ کیا ہے اور درج فہرست ذاتوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی وابستگی برقرار رکھی ہے۔ علاقائی دفتر کے ڈائرکٹر ڈاکٹر جی سنیل کمار بابو نے بتایا کہ حیدرآباد شاخ نے 10 ہزار 853 شکایات کو کامیابی سے نمٹایا، 33 کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد کی امدادی رقم تقسیم کی جبکہ 177 ازخود مقدمات بھی درج کئے۔

DESK

CRICKET

ہندوستانی خواتین کی کرکٹ ٹیم نے تاریخ رقم کرتے ہوئے لارڈس کے تاریخی میدان پر اپنا پہلا ٹسٹ میچ جیت لیا۔ ہندوستان نے انگلینڈ کو 270 رنز کے بھاری فرق سے شکست دی۔ 457 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم چوتھے روز کی صبح 186 رنز پر آؤٹ ہوگئی اگرچہ سوفی ایکلسٹون نے مزاحمتی نصف سنچری اسکور کی۔ اس سے قبل ہندوستان نے پہلی اننگز میں 285 رنز بنائے تھے جبکہ دوسری اننگز 7 وکٹوں پر 341 رنز بنا کر ڈکلیئر کردی تھی۔ انگلینڈ پہلی اننگز میں 170 رنز ہی بنا پائی۔ ہندوستان کی تاریخی کامیابی میں اسنیہا رانا نے 4 وکٹیں حاصل کرکے اہم کردار ادا کیا۔

NSD

OO